# Maulana Azad Nation Urdu University

## Department of Arabic

## Semester 1, December. 2018)

## Paper- code UGAR501GET (BASIC ARABIC READING AND WRITING)

786

سوالات تین اجزاء پر مشتمل ہیں، ہر جزء کا جواب ضروری ہے۔

### حصہ اول

تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

1-صفت لازمہ کہتے ہیں

ا -وہ صفت جو حروف کے ساتھ پائی جائے اور کبھی نہ پائی جائے - ب -وہ صفت جو حروف کے ساتھ ہر حال میں پائی جائے - ج وہ صفت جو کسی سبب سے پائی جائے۔ د - وہ صفت جو حرف کے ساتھ کبھی بھی نہ پائی جائے۔

2-صفت لازمہ کی ایک دوسرے سے ممتاز ہونے کے اعتبار سے اقسام ہیں:

ا- 3ب -6 - ج -2 - د -4 -

3 -مد متصل کہتے ہیں:

ا- حروف مدہ کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو- ب - حروف مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو- ج - حروف مدہ کے بعد ہمزہ والے حرف پر جزم یا تشدید ہو- د - حروف مدہ کے بعد ہمزہ تیسرے کلمہ میں ہو-

4- ارکان تجوید کتنے ہیں:

ا-دو- ب - چھ - ج -پانچ - د -چار -

5-حروف اخفاء کتنے ہیں:

ا-9 ب - 14 ج - 15 - د- 17 -

6 تجوید کے لغوی معنی ہیں

ا- تبويب - ب .تصويت - ج- تحسين - د- تصويه-

7- حروف قمری کتنے ہیں:

ا -17 - ب - 14 - ج - 15 - د - 16 -

8-مخارج جمع ہے:

ا - مِخرج- ب - مُخرج- ج - خرج- د - مَخرج-

9 - علامہ فراء کے نزدیک مخارج کتنے ہیں:

ا - 12- ب -14- ج - 11 - د- 15 -

10 -حلق میں کتنے مخارج ہیں:

ا - 3- ب -4- ج - 6 - د - 8 -

## حصہ دوم

پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

2۔ سورہ فاتحہ، سورہ اخلاص، سورہ الفلق اور سورہ الناس کو تحریر کیجئے۔

3. حروف قلقلہ، حروف مدہ، وحروف لین، جزم وسکون کو تحریر کیجئے۔

4. قرآن وحدیث کی روشنی میں تجوید کی اہمیت نیز ارکان تجوید کو قلم بند کیجئے۔

5 تجوید کے لغوی واصطلاحی تعریف، موضوع غرض وغایت کو تحریر کیجئے۔

6. . قرآنی معلومات عامہ کے حوالہ سے ایک نوٹ لکھئے۔ جیسے پہلی وحی، آخری وحی، کاتبان وحی، قرآن کی مدت نزول، منازل، مضامین، اقسام آیات وغیرہ۔

7. ادغام کے لغوی واصطلاحی معنی، حرکت کے لغوی واصطلاحی معنی مثال کے ساتھ تحریر کیجئے۔

8. مد لازم، مد متصل اور منفصل کی تعریف مع امثلہ تحریر کیجئے۔

9. حروف قمری وحروف شمسی، حروف اخفاء، وحروف حلقی پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

## حصہ سوم

تین سوالات کے جوابات تحریر کریں.

10. مجددین کے اسماء اور ان کی حیات پر روشنی ڈالئے۔

11. تدوین قرآن، عہد صدیقی وعثمانی میں قرآن کی تدوین ثانی وثالث پر روشنی ڈالئے۔

12. مخرج کی لغوی واصطلاحی تعریف، مخارج کی تعداد میں محققین کے اقوال، نیز مخرج کی دونوں قسموں [مخرج محقق، مخرج مقدر] کو بالتفصیل لکھئے۔

13. صفت کی لغوی واصطلاحی تعریف، صفت لازمہ وعارضہ کی تعریف اور ان کے اقسام کو قلمبند کیجئے۔

14. مد کی لغوی واصطلاحی تعریف، محل مد، سبب مد، اقسام مد، احکام مد، کیفیت مد، وجوہ مد، مقدار مد کو بیان کیجئے۔